
تیسرا سبق:

# پکنک



خوشی میں بچے فسٹ کر کے
مارے ملکے تالی
دیکھیے جنگل، چشمہ، ندی
کھائے گھوم کے کولی
سبھوں نے مل کر پکا کے کھائے
خوش دلی میں گھر کو آئیے
سنائے ہیپ، ہیپ، ہورے کی بولی

آپ نے تو پکنک کی ہوگی۔ یہاں دیکھیے پکنک کی تصویر۔ اس میں بچوں نے کیا پکا کر کھایا ہوگا اندازہ کر کے لکھیے۔

| پکنک میں پکے ہوئے کھانے کے نام | وہ کھانے کن چیزوں سے تیار ہوئے؟ | آپ کے علاقے میں ان چیزوں کو کون مہیا کرتا ہے |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |

اس کے علاوہ آپ اور کیا کیا کھاتے ہیں لکھیے:

.............................................................................................................................

.............................................................................................................................

تصویروں میں رنگ بھریے:



زندہ رہنے کے لیے غذا، رہائش کے لیے مکان اور پہننے کے لیے کپڑے کی ضرورت ہے۔ یہ سب کہاں سے ملتی ہیں؟ مختلف لوگ مختلف کام کرتے ہیں۔ وہ لوگ ہماری ضرورت کی چیزوں کو پیدا کرتے ہیں۔ ہم لوگ ان لوگوں کو پیسے یا اور کوئی چیز دے کر وہ چیزیں ان سے خریدتے ہیں۔ جو لوگ وہ چیزیں ہمیں فراہم کرتے ہیں ان لوگوں کے متعلق اداکاری کے ذریعے گیت گایے۔ گیت سے ان کا پیشہ کیا ہے اندازہ لگائیے۔

## پیشہ



ہاتھ میں جال، کوکھ میں تھیلی
ندی تالاب کنارے جاتا
پانی سے پکڑ مچھلی لاتا
اس سے اپنا کنبہ پالتا



بارش، گرمی سردی شبنم
سہتے ہیں ہم بار بار
فصل اُگاتے کھیت سجاتے
یہ تو ہے ہمارا روز کا کاروبار



گائے، بھینس، میں نہ پالا
مرغی، بکری ساتھ میں پالا
روپیہ پیسہ اس سے کمایا
کنبہ پالا خوشی منایا



مٹی کا لوگا لے کر ساتھ
گھوما کے چکا چلا کے ہاتھ
ہانڈی ڈھکن گھڑا بنانا
مزے سے اپنا دن کاٹتا



بارشی آرا لے کر ہاتھ
کاٹتا لکڑی ساتھ ساتھ
ہل، کرسی، میز بناتا
خوشی سے اپنا دن کاٹتا



بھٹی سے لا کر گرم لوہا ہتھوڑے سے ہے پٹتا
بنا کر ہنسوا، کٹات کو کھری لوگوں کو پہنچاتا



کرگھا چلا کر ہاتھ سے میرا بنتا تولیہ ساڑھی
روپیہ ملتا بچوں کو پالتا کٹتی میری گھڑی

استاد کے لیے ہدایت: بچے دائرے میں کھڑے ہوں گے استاد گیت کو اداکاری کے ساتھ گائیں گے۔ بچے استاد کو دیکھ کر گانے کے ساتھ ساتھ اداکاری بھی کریں گے۔ اسی طرح ایک بار گانے کے بعد استاد اداکاری کریں گے۔ بچے ایک ایک شعر پڑھیں گے۔ اسکے بعد بچے اپنے درمیان اسی طرح کریں گے۔

ہم لوگ عام طور سے بھات، روٹی، دال، سبزی، دودھ، مچھلی، گوشت، انڈا اور پھل کھاتے ہیں۔ خوراک کے لیے ہم کاشتکاری پر بھروسہ کرتے ہیں۔ بھات کے لیے چاول کی ضرورت ہے۔ چاول دھان سے ملتا ہے۔ روٹی کے لیے آٹے کی ضرورت ہے آٹا گیہوں سے ملتا ہے۔ ارہر، مونگ اڑد، کلتھی سے دال ملتی ہے۔ ان سب کو اناج کہا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ سرسوں، بادام، تل، السی، سورج مکھی، ناریل، وغیرہ سے تیل ملتا ہے۔ آلو، بیگن، کیلا، کریلا، بھنڈی، کدو، گوبھی، ٹماٹر وغیرہ سبزیاں ہم کھاتے ہیں۔ آم پپیتا، امرود کٹھل اور ناسپاتی جیسے پھل ہم کبھی کبھی کھاتے ہیں۔ اناج، سبزی اور پھل کاشت کاری سے ملتے ہے۔ جو لوگ یہ کھیتی کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ صحت کے لیے ہم گائے اور بھینس کا دودھ پیتے ہیں۔ مچھلی کھاتے ہیں۔ انڈے کے لیے مرغی اور بطخ پالتے ہیں۔ گوشت کے لیے بکری بھیڑ اور مرغیوں پر بھروسہ کرتے ہیں۔ کچھ لوگ ان جانوروں کو پالتے ہیں اور ان کی تجارت کرتے ہیں انہیں گوالا یا جانور پالک کہا جاتا ہے۔

نیچے لکھے گیے لوگ ہمیں کیا فراہم کرتے ہیں؟

| | |
|---|---|
| کھیتی کا کام کرنے والے لوگ | |
| ماہی گیر | |
| لوہے کا کام کرنے والے لوگ | |
| ہانڈی گھڑا بنانے والے لوگ | |
| لکڑی کا کام کرنے والے لوگ | |

لوگ طرح طرح کے کام کر کے اپنا اپنا کنبہ چلاتے ہیں۔ یہ سب ان کا پیشہ ہے۔ پہلے خاندانی اعتبار سے مختلف لوگ مختلف کاموں کو اپنے پیشے کے طور پر قبول کرتے آرہے تھے۔ آج کل کسی بھی کنبے یا لوگوں کو کوئی بھی پیشہ اختیار کرنے میں منع نہیں ہے۔

استاد کے لیے ہدایت:

(i) اپنے علاقے میں مختلف پیشے سے جڑے لوگوں کے کام کی جگہ دکھلاکر براہ راست تجربہ پیش کریں گے۔

(ii) اسکول میں مختلف پیشہ ور لوگوں کو بلا کر انکے کام کے متعلق بچوں سے تذکرہ کریں۔

# مشق

1۔ کالم الف میں دی گئی کھانے کی چیزوں کے ساتھ کالم ''ب'' کے مناسب نام کو چن کر جوڑیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| چاول | ماہی گیر |
| مچھلی | گوالا |
| مکھن | کسان |
| | کاریگر |

2۔ نیچے کسان کے کاموں میں سے ایک کام لکھا گیا ہے۔اسی طرح کے دوسرے تین کاموں کو لکھیے۔

(i) زمین کو ہموار کرنا

(ii) .................. (iii) .................. (iv) ..................

3۔ کسان سے پیدا ہونے والی کچھ فصلوں کے نام نیچے دیے گیے ہیں۔ان میں سے کن چیزوں کو ہم دال کے طور پر استعمال کرتے ہیں چن کر لکھیے۔

باجرا، ارہر، گیہوں، کلتھی، کپاس، سورج مکھی، سن، مونگ

4۔ آپ اپنے گھر میں کیا سبزیاں کھاتے ہیں ان کی ایک فہرست بنائیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

5۔ تصویر کو غور سے دیکھیے، یہ سب کس سے بنے ہیں۔ان سے جڑے ہوئے پیشوں کے نام بتائیے۔



6۔ کن کاموں میں استعمال ہوتا ہے۔

کدال :............................. تختہ سیاہ:.............................

آری :............................. مٹی :.............................


7۔ نیچے دیے گیے حرفوں کے ٹیبل میں مختلف پیشوں سے جڑے اوزار چھپے ہوئے ہیں۔انہیں ڈھونڈ کر ان سے جڑے پیشوں کیساتھ جوڑ کر قریب کے خانوں میں لکھیے ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| آ | ر | ل | ی |
| ا | س | ک | پ |
| ء | ن | د | و |

| پیشہ | اوزار |
|---|---|
| لوہے کا کام | ہتھوڑی |
| | |

آپ کے لیے کام:

☆ کسی ایک پیشے کے متعلق، وہی پیشہ اختیار کرنے والے کسی شخص سے پوچھ کر لکھیے



☆ اپنے معلومات میں سے 10 اوزار کے نام لکھیے اور ان کی تصویریں بنا کر ان میں رنگ بھریئے۔

☆ اپنے دیکھے ہوئے 10 اناج حاصل کیجیے اور ان کے نام لکھ کر چھوٹی ٹوکری میں حفاظت سے رکھیے۔

